سوال

(25) حیض پاک ہونے کے بعد پورے دن کی نمازیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت اگر عصر یا عشاء کے وقت حیض سے پاک ہو تو کیا اسے عصر کے ساتھ ظہر اور عشاء کے ساتھ مغرب کی نمازیں بھی پڑھنا ہوں گی کیونکہ بحالت عذران نمازوں کے درمیان جمع کیا جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اگر عصر یا عشاء کے وقت حیض یا نفاس سے پاک ہو تو علماء کے صحیح ترین قول کے مطابق اسے عصر کے ساتھ ظہر اور عشاء کے ساتھ مغرب کی نماز بھی ادا کرنا ضروری ہے، کیونکہ دیر سے پاکی حاصل ہونے کی وجہ سے یہ بھی مسافر اور مریض کی طرح معذور ہے، اور معذور کے لیے دونوں نمازوں کا وقت ایک ہے، صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین کی ایک جماعت کا یہی فتویٰ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 79

محدث فتویٰ